کرشن مووی ٹون کا تیار کردہ بہترین و نایاب شاہکار

ترانہ

سٹوری وگالے

तराना

قیمت ۱ر

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

اداکاران :- مدھو بالا۔ دلیپ کمار۔ جیون۔ سنیاما۔ گوپ وغیرہ وغیرہ

سٹوری

ڈاکٹر موتی بہت دنوں کے بعد بدیش سے ہوائی جہاز پر لوٹ رہا تھا۔ لیکن راستے میں انجن بگڑ جانے سے جیون خطرے میں پڑ گیا۔ مجبور ہو کر جہاز کو ایک چھوٹے سے پہاڑی گاؤں میں اُترنا پڑا۔ جان تو سبھی کی سلامت رہی۔ لیکن اس پریشانی میں ایک بڑھیا کی طبیعت خراب ہو گئی۔ پاس ہی سُورداس کی کٹیا میں لا کر ڈاکٹر موتی اُس کی خبر گیری میں جُٹ گیا۔ سُورداس کی اکلوتی بیٹی ترانہ نے اُس کا ہاتھ بٹایا۔ موتی اور ترانہ میں محبت ہو گئی۔ موتی نے سُورداس کی آنکھیں بھی ٹھیک کر دیں۔ موتی کو گاؤں میں رُکنے کے لئے نئے نئے بہانے کھوجنے پڑے۔

ترانہ کے منگیتر طوطارام کی حرص بڑھنے لگی۔ اور جب اُس نے موتی کو اُسے اپنی گودی میں اُٹھا کر لے جاتے ہوئے دیکھا۔ وہ ترانہ کو پانے کے لئے نیچ سے نیچ کام کرنے کو تیار تھا۔ قسمت نے اُس کا ساتھ دیا۔ اور وہ کامیاب ہو گیا۔

آگے پردہ پر دیکھیں ......

ترانہ کے گانے

نمبر ۱

نین ملے نین ہوئے باورے ۔ چین کہاں موہے ساجن سانورے
دیکھتے ہی دیکھتے میں سو گئی ۔ جاگتے ہی جاگتے میں سو گئی
اب کبھی میں جاگنا نہ چاہوں ۔ چلتے چلتے پاؤں میرے تھک گئے
تم ملے تو دل کے سارے غم گئے
مل گئی زلفوں کی ٹھنڈی چھاؤں رے ۔ نین ملے......
دھڑکنیں دل کی چھپاؤں کس طرح ۔ لاج کا گھونگھٹ اٹھاؤں کس طرح
کس طرح ساجن تیری بجاؤں رے ۔ نین....
نینوں سے نیناں تیرے کچھ کہہ گئے ۔ پیار کی لہروں میں دو دل بہہ گئے
اب رکے نہ پریت کی یہ ناؤ رے ۔ نین...

نمبر ۲

بول پپیہا بول ہے کون میرا چت چور
کچھ انکھیوں سے نادانی ہوئی ۔ میں لٹ گئی رے دیوانی ہوئی
انکھیوں نے کہا انکھیوں نے سنا ۔ کچھ ایسی پریم کہانی ہوئی
میری کالی کالی راتوں میں کوئی لے کے آیا بھور ۔ بول...

ہونٹوں پہ ترانہ کس کا ہے۔ آنکھوں میں فسانہ کس کا ہے
سانسوں میں کبھی دھڑکن میں کبھی وہ آنا جانا کس کا ہے
میں خوشبو ہوں کس پھول کی ہوں۔ کس چندا کی چکور۔ بول۔۔۔۔۔

نمبر ۳

موسے رُوٹھو گئو مورا سانوریا۔ کس کی لگی جلمی نجریا
کاہے کو روٹھ گئے کیا ہے قصور مورا۔ کسی بِدھ مانے نہ دِل مجبور مورا
اسے لیکے چلی آئی پیا توری نگریا۔ موسے۔۔۔۔
پیار کی راہیں اناڑی کا ساتھ ہے۔ لاگی ہماری کی لاج تیرے ہاتھ ہے
تیری کاغذ کی نیّا ہے موئے سانوریا۔ موسے۔۔۔۔۔
جھوٹ موٹ کی پریت جتائے گے۔ سوئے گئے چُپ سے بلم گھر جاتے کے
انہیں دُوجے کے دِل کی نہیں کوئی خبریا۔ موسے۔۔۔۔۔

نمبر ۴

یہ چھپ چھپ کے میرا آنا۔ یاد رہے تم بھول نہ جانا
ہمکو ستاؤ گے بڑا دکھ پاؤ گے۔ لگیا لگی میری ہائے ہائے ستائے ہائے جلائے
کہیں ہی جاؤ گے۔ کل نہ آئے۔ ہنسے گا سارا زمانہ
پیار کی مار بُری۔ دل کی ہار بُری۔ لو ہار گئے دل پہ بنی مشکل
ننھا سا ہے میرا دل توڑ نہ جانا۔ یہ۔۔۔۔۔۔

نمبر ۵

بے ایمان تیرے نینوا میں نندیا نہ آئے
تک سوئے جاگ کر رات کہیں جاگی نہ جائے
لے مُوند لے اکھیاں تنک ذرا ۔ بیٹھی ہوں یہیں میں نہ گھبرا
رات جائے پلک تورے جھپکی نہ جائے ۔ بے ایمان...
آدھے سوئے آدھے جاگے ۔ ساجن کہوں موہے یوں نہ جلے
جیسے من میں ہیرم اک آئے اک جائے ۔ بے ایمان...

نمبر ۶

سینے میں سلگتے ہیں ارماں آنکھوں میں اُداسی چھائی ہے
یہ آج تیری دُنیا سے ہمیں تقدیر کہاں لے آئی ہے۔
کچھ آنکھ میں آنسو باقی ہیں ۔ جو میرے غم کے ساتھی ہیں
اب دل ہے نہ دل کے ارماں ہیں ۔ بس ہوں میں میری تنہائی ہے
نا تجھ سے گلہ کوئی ہم کو نا کوئی شکایت دُنیا سے
دو چار قدم جب منزل تھی قسمت نے ٹھوکر کھائی ہے
اِک ایسی آگ لگی من میں جینے بھی نہ دے مرنے بھی نہ دے
چُپ ہوں تو کلیجہ جلتا ہے ۔ بولوں تو تیری رسوائی ہے

نمبر ۷

واپس لیلے یہ جوانی او جوانی دینے والے

راس نہ آئی پیار کہانی ۔ پیار کہانی دینے والے

پیار تجھے منظور جو ہوتا ۔ ٹھیس نہ لگتی دل نہ روتا

تُو نے کچھ تو سوچا ہوتا ۔ زندگانی دینے والے

میری قسمت تجھ پہ روئی ۔ اتنا روئی روئے نہ کوئی

کیسے تُو نے آگ لگادی آنکھ کو پانی دینے والے

نمبر ۸

چلی جو شاخِ چمن ساتھ باغباں بھی جلا

جلا کے میرے نشیمن کو باغباں بھی جلا

ایک میں ہُوں ایک میری بے کسی کی شان ہے

اب تو تجھ بن زندگی بھی مجھ پہ اِک الزام ہے

دِل پہ گزری کیا تیرے جانے سے کوئی کیا کہے

سانس جو آتی ہے وہ بھی درد کا پیغام ہے

آنسوؤ مجھ پہ ہنسو میرے مقدّر پہ ہنسو

اب کہاں وہ زندگی جس کا محبت نام ہے

نمبر ۹

کیا خبر تھی کہ محبت میں یہ دن آتے ہیں

جسے ہم اپنا سمجھتے ہیں وہ تڑپاتے ہیں۔
وہ دن کہاں گئے بتا جب اس نظر میں پیار تھا
میں نے تو کچھ کہا نہیں جو یوں نگاہیں پھیر لیں
وہ رات یاد ہے یہی قصہ ہوا تھا پیار کا
آنکھوں میں نیند تھی مگر سوئے نہیں تھے رات بھر
دل کو لگا ہوا تھا ڈر ہائے سویرا ہو گیا۔

(ختم شد)

فلمستان کی پریاں

اس کتاب میں تمام مشہور ایکٹرلیسوں۔ ایکٹروں۔ اور ڈائرکٹروں کے حالات زندگی۔ کس نے کس کس فلم میں کام کیا ہے۔ تمام حالات اور مکمل پتے درج کئے ہیں۔ جگہ جگہ ایکٹرلیسوں کے فوٹو بھی دیئے گئے ہیں۔ بالکل نیا ایڈیشن ہے

قیمت بمعہ محصولڈاک صرف -/-/2

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی

صنعت و حرفت کے خفیہ راز

مصنف نے اِس کتاب میں اپنی معلومات کا خزانہ جمع کر دیا ہے۔ کس طرح ایک غریب آدمی چند دلوں میں تجارت کے ذریعہ نمایاں ترقی کرتا ہوا مالدار بن سکتا ہے۔ یورپ۔ امریکہ اور جاپان کی بڑی بڑی تجارتی کمپنیوں کے فارمولے۔ سینکڑوں اشیاء بنانے کے قیمتی نسخے۔ صابون۔ تیل۔ کریم۔ پوڈر۔ اور روز مرّہ زندگی میں کام آنے والی سینکڑوں چیزوں کو بنانے اور بکری کرنے کے طریقے درج کیے گئے ہیں۔ گویا تجارت کے متعلق ایک جامع اور مکمل کتاب ہے۔ ہزاروں بے روزگاروں کو ہزاروں روپے کی تجارت سکھا کر بارزوگار بنا چکی ہے۔ آپ بھی اس کتاب کو ضرور طلب کریں۔

قیمت صرف -/3 محصولڈاک -/6/-

ملنے کا پتہ:۔

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دھلی

(اجلا ردرتی پریس دہلی)